ٹریلیم ہیلتھ پارٹنرز (Trillium Health Partners, THP) ہر اس مریض کے ریکارڈز کو برقرار رکھتا ہے جو ہمارے ہسپتال میں علاج کرواتا ہے۔

کریڈٹ ویلی ہسپتال (Credit Valley Hospital, CVH) کے کارلو فیدانی ریجنل کینسر سینٹر میں، کلینیکل ٹرائلز ان آؤٹ پیشنٹ سروسز میں سے ایک ہے جو مریضوں کے لیے ان کے مربوط علاج کے حصے کے طور پر دستیاب ہو سکتی ہیں۔

کینسر سینٹر کے مریض ہونے کے ناطے، کلینیکل ٹرائلز کے ہسپتال کا مجاز عملہ آپ کے THP صحت کے ریکارڈز کا جائزہ لے سکتا ہے تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ آیا آپ CVH میں انجام دیئے جانے والے، ہسپتال کے منظور شدہ، کسی بھی آنکولوجی کلینیکل ٹرائلز کے لیے اہل ہیں یا نہیں۔

اگر آپ کسی بھی کلینیکل ٹرائلز میں ممکنہ طور پر شامل ہونے کے اہل ہوئے، تو آپ کے معالجاتی آنکولوجسٹ، جو کہ اس تحقیقی مطالعہ کے محقق بھی ہو سکتے ہیں، آپ کے ساتھ ان پر بات چیت کریں گے اور آپ کے لیے موزوں نگہداشت کے معیاری علاج کے دیگر اختیارات بھی شیئر کریں گے۔

اگر آپ کلینیکل ٹرائل کے بارے میں مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو آپ کے آنکولوجسٹ آپ کو ہماری آنکولوجی کلینیکل ٹرائلز نرسز کے پاس ریفر کریں گے جو کہ آپ کو مزید تفصیلی معلومات فراہم کریں گی۔

**کلینیکل ٹرائلز کے بارے میں مزید عمومی معلومات کے لیے**، براہِ کرم itstartswithme.ca وزٹ کریں یا ہمارے آنکولوجی پیشنٹ ریسورس سینٹر کا دورہ کریں۔

**کریڈٹ ویلی ہسپتال میں انجام دیئے جانے والے کلینیکل ٹرائلز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے**، براہ کرم کارلو فیدانی ریجنل کینسر سینٹر (https://www.thp.ca/patientservices/CancerServices/for-patients/Pages/Clinical-Trials.aspx) وزٹ کریں، اپنے آنکولوجسٹ سے پوچھیں، یا ہمارے کلینیکل ٹرائلز آفس کو OncologyClinicalTrials_@thp.ca پر ای میل کریں۔

اگر آپ ہمارے کسی بھی کلینیکل ٹرائلز کے لیے **اپنے THP طبی ریکارڈز کی پیشگی جانچ نہیں کروانا چاہتے**، تو براہِ کرم آنکولوجی کلینیکل ٹرائلز آفس کو OncologyClinicalTrials_@thp.ca پر بذریعہ ای میل اطلاع دیں۔ اس کے بعد آپ کا نام، MRN نمبر اور تاریخِ پیدائش ایک فہرست میں شامل کر دی جائے گی تاکہ ٹرائلز کا عملہ آپ کی صحت کی معلومات کو اس وقت تک نہ دیکھے جب تک آپ کی طرف سے ہمیں اجازت نہ ہو۔